(This question paper contains 2 printed pages)

Roll No.

Sr. No of Question Paper: 1841

Unique Paper Code: 214161

D

Name of the Paper: Urdu Higher (Qualifying)

Name of the Course: B.A. (Hons.) Urdu

Semester: I

Duration : 2 Hrs.

Maximun Marks : 38

نوٹ: تمام سوالات لازمی ہیں۔

1۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے۔ (10)

(الف)

پھر وہ اپنی جوانی کا زمانہ یاد کرتا تھا۔ اپنا سرخ سفید چہرہ، سڈول ڈیل بھرا ابھرا بدن، رسیلی آنکھیں۔ موتی کی لڑی سے دانت، امنگ میں بھرا ہوا دل، جذبات انسانی کے جوش کی خوشی اسے یاد آتی تھی۔ اس کی آنکھوں میں اندھیرا چھائے ہوئے زمانہ میں ماں باپ جو نصیحت کرتے تھے اور نیکی اور خدا پرستی کی بات بتاتے تھے اور یہ کہتا تھا ''اوہ ابھی بہت وقت ہے''۔ اور بڑھاپے کے آنے کا کبھی خیال بھی نہیں کرتا تھا۔ اس کو یاد آتا تھا اور افسوس کرتا تھا کہ کیا اچھا ہوتا اگر جب ہی میں اس وقت کا خیال کرتا اور خدا پرستی اور نیکی سے اپنے دل کو سنوارتا اور موت کے لئے تیار رہتا۔ آہ وقت گزر گیا۔ آہ وقت گزر گیا۔

(ب)

میں نے اپنے ہم جنسوں اور ہم صورت بھائیوں کو جب بوجھوں کے نیچے، گڑگڑاتا دیکھا اور اُن مصیبتوں کے انبار کو خیال کیا، تو بہت گھبرایا اور دل میں ایسا ترس آیا کہ بیان نہیں ہوسکتا۔ اس عالم میں بھی چند شخصوں کی حالت ایسی نظر آئی کہ اس نے ذرا میرا دل بہلایا۔ صورت بہلایا۔ صورت بہلاوے کی یہ ہوئی کہ دیکھتا ہوں، ایک شخص پرانے سے چکن کے چغے میں ایک بھاری سی گٹھری لئے آتا ہے۔ جب وہ گٹھری انبار میں پھینکی، تو معلوم ہوا کہ افلاس کا عذاب تھا۔ اس کے پیچھے ایک اور شخص دوڑا آتا تھا، بدن سے پسینہ بہتا تھا اور مارے بوجھ کے ہانپا جاتا تھا۔ اس نے بھی وہ بوجھ سر سے پھینکا۔ اور معلوم ہوا کہ اس کی جورو بہت بُری تھی، اس نے وہ بلا سرے پھینکی ہے۔

P.T.O

2۔ محمد حسین آزاد کی نثر نگاری کی خصوصیات تحریر کیجئے۔ (10)

یا

سر سید کا مضمون "گزرا ہوا زمانہ" پر تبصرہ کیجئے۔

3۔ ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون لکھئے۔ (10)

(i) تعلیم کی اہمیت

(ii) جمہوری نظام

(iii) دہشت گردی ملک کے لئے لعنت

4۔ ذیل کے اقتباس کا ترجمہ آسان اردو میں کیجئے۔ (8)

Terrorism and a hot border topped the agenda in talks between Prime MInister Manmohan Singh and his Pakistani counterpart Nawaz Sharif with both sides agreeing to an immediate modest goal of having their military commanders meet and defuse the situation and find ways to maintain cease-fire on the Line of Control.